# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اقبالیات۔I (303)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: انٹر میڈیٹ**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر1

**(یونٹ:1-5)**

سوال نمبر ا۔(الف)درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1۔ "حقیقت یہ ہے کہ یورپ کی آب وہوا نے مجھے مسلمان کر دیا" یہ الفاظ کس شخصیت کے ہیں؟

2۔ شعر مکمل کیجیے:"وہ بادہء شباب کی سرمستیاں کہاں"

3۔ (Stray Reflections) کس کی تصنیف ہے؟

4۔ سائمن رپورٹ پر اقبال کا ردِ عمل کیا تھا؟

5۔ "بولشویک خیالات رکھنا میرے نزدیک دائرہ اسلام سے خارج ہونے کے مترادف ہے" اقبال کو یہ کیوں کہنا پڑا؟

6۔ اقبال انگلستان سے واپس لاہور کب پہنچے؟

7۔ "مدیرِ مخزن سے کون مراد ہے؟

8- "بانگِ دراء" کا دیباچہ کس نے لکھا؟

9 - نظم "طلوعِ اسلام" علامہ اقبال نے کب اور کہاں پڑھی تھی؟

10- ”جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی" شعر مکمل کیجیے۔

11 - "بالِ جبریل" کی تیسری بڑی نظم کون سی ہے؟

12- اقبال نے "ضربِ کلیم" کی نظموں کے کتنے عنوانات قائم کیے ہیں؟

13- اقبال کے نزدیک مغربی اور مشرقی درسگاہوں کے نظریہء تعلیم میں کون سے دو نمایاں نقائص تھے؟

14- علامہ اقبال کا آخری شعری مجموعہ کون سا ہے؟

15- دسمبر 1930 میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ الہٰ آباد کی صدارت کس نے کی؟

16۔ ”خطوطِ اقبال بنام قائداعظم" میں کون ساخط مباحث کے اعتبار سے سب سے زیادہ اہم ہے؟

17۔ پاکستان میں علامہ اقبال کی صد سالہ تقریبات کا انعقاد کس سن میں ہوا؟

18۔ خطوطِ اقبال بنام قائداعظم کے مباحث میں سے کسی دو کے نام بتایئے۔

19۔ پنجاب میں مسلم لیگ کی تنظیمِ نو کے سلسلے میں قائدِاعظم لاہور کب تشریف لائے؟

20۔ علامہ اقبال کے مطابق برصغیر میں ہندو مسلم فسادات کے اسباب اصل میں کیا تھے؟

سوال نمبر 2۔ انگلستان سے واپسی سے 1918ء تک اقبال کے حالات زندگی پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ وطن واپسی کے بعد اقبال کی سیاسی سرگرمیوں کی تفصلات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ "بالِ جبریل" کی فکری و فنی خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قائداعظم کے نام اقبال کے خطوط کے حوالے سے برصغیر کے سیاسی پس منظر پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 40**

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 6 تا 9)

سوال نمبر 1: (الف) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1- اقبال نے اپنی شاعری کے پہلے دور میں کس قسم کی نظمیں لکھیں؟

2- نظم "ایک پرندہ اور جگنو" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

3- "ہم آہنگی سے ہے محفل جہاں کی" شعر مکمل کیجیے۔

4- "بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے" دوسرا مصرعہ بتائیے۔

5- پرندے نے منقارِ ہوس تیز کرنے سے کسے منع کیا تھا؟

6- دنیا کی محفل کس چیز سے جمتی ہے؟

7- اقبال کس عمر کے لوگوں سے زیادہ پر امید تھے؟

8- فرد اور قوم کی بقا کا دارومدار کس چیز پر ہے؟

9 نظم "خطاب بہ جاوید" اقبال کی کس کتاب میں شامل ہے؟

10- کون سا پرندہ خود دار ہے کہ کسی کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا؟

11- "خدا کے پاک بندوں کو حکومت میں غلامی میں" شعر مکمل کیجیے۔

12- نظم "بلالؓ" میں کن دو صحابہ کا ذکر آیا ہے؟

13- نظم "بلالؓ" اور "صدیقؓ" کا موضوع کیا ہے؟

14- مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا ہے؟

15- اقبال نے کس انجمن کے جلسوں میں اپنی سب سے زیادہ نظمیں پڑھیں؟

16- صقلیہ یا سسلی کا جزیرہ کہاں واقع ہے؟

17- نظم "صقلیہ" کب لکھی گئی؟

18- فاطمہ بنت عبداللہ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

19- "یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی" حورِ صحرائی کسے کہا گیا ہے؟

20- "نالہ کش شیراز کا بلبل ہوا بغداد پر" شیراز کا بلبل، سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2-(الف) مختصر بیان کیجیے- (10+10=20)

(I) نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" کا پس منظر (II) نظم "صقلیہ" کے اہم نکات

سوال نمبر 3۔ نظم "صدیقؓ" کے ذریعے اقبال نے کیا پیغام دیا ہے؟ مفصل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4-اقبال اور عشق رسولؐ پر مدلل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ علامہ اقبال کی شاعری کے ارتقاء پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر 3

**(یونٹ:10-14)**

سوال نمبر ا۔(الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے - (20)

1۔ "پہنا دیا شفق نے سونے کا سارا زیور" شعر مکمل کیجیے۔

2۔ "جس طرح عکسِ گُل ہو شبنم کی آرسی میں"، شبنم کی آرسی کا کیا مطلب ہے؟

3۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

4۔ کٹی ہوئی شاخ سے ہمیں کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

5۔ اقبال کے آخری مضمون کا عنوان بتایئے جو ان کی وفات سے کچھ عرصے پہلے 1938 میں شائع ہوا؟

6۔ "علم الاقتصاد" کس کی تصنیف ہے؟

7۔ علامہ اقبال کے خطبات اور مقالات کو پہلی بار کب اور کس نے شائع کیا؟

8- اقبال کا پہلا مضمون "بچوں کی تعلیم و تربیت" کے عنوان سے کس رسالے میں شائع ہوا؟

9 - اردو نثر میں اقبال کی واحد مستقل تصنیف کا نام بتایئے۔

10- 1963 میں "مقالاتِ اقبال" کے عنوان سے اقبال کے خطبات و مقالات کو کس نے مرتب کیا؟

11 - شیخ عطا اللہ نے اقبال کے مکاتیب کو کس عنوان سے کتابی صورت میں جمع کیا؟

12- اقبال نے انگلستان کے سفر کے دوران کس اخبار کے مدیر کے نام خطوط لکھے؟

13- اسلامی شان و شوکت کا قبرستان اقبال نے کسے کہا ہے؟

14- اقبال کے نزدیک بہترین رباعی گو کون تھا؟

15- اقبال نے "گنجِ معانی" کسے کہا ہے؟

16۔ عید الفطر پہلی بار کب پڑھی گئی؟

17۔ "اے آبِ رودِ گنگا وہ دن ہیں یاد تجھ کو" شعر مکمل کیجیے۔

18۔ حب الوطنی کے جذبے پر مبنی اقبال کی دو نظموں کے نام بتایئے۔

19۔ "شکوہ" کے لیے اقبال نے نظم کی کون سی ہئیت اپنائی؟

20۔ اقبال کی کس نظم نے اپنے عہد کو سب سے زیادہ متاثر کیا؟

سوال نمبر 2۔ نظم "شکوہ" کے اہم نکات اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اقبال کے خیال میں مسلمانوں کے عروج و زوال کے اسباب کیا تھے؟ نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اقبال کس تصورِ قومیت و وطنیت کے قائل تھے؟ مدلل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ خطبہ عید الفطر میں اقبال مسلمانوں کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر 4

**(یونٹ:15 تا 18)**

سوال نمبر 1: (الف) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1- نظم "جواب شکوہ" کس سال لکھی گئی؟

2- نظم "جواب شکوہ" کی داد میں ملی ہوئی رقم کس فنڈ میں جمع کرائی گئی؟

3- "دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے" شعر مکمل کیجیے۔

4- "بات کرنے کا سلیقہ نہیں نادانوں کو"، نادان کسے کہا گیا ہے؟

5- پرندے نے منقارِ ہوس تیز کرنے سے کسے منع کیا تھا؟

6- غزل اور مثنوی میں اردو کے سب سے مشہور شعرا کون ہیں؟

7- غزل اور نظم کا بنیادی فرق کیا ہے؟

8- اقبال کے ہاں عشق کا مفہوم کیا ہے؟

9 اردو غزل کے عام موضوعات کیا ہیں؟

10- اقبال نے کس شاعر کی شاگردی اختیار کی؟

11- "کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں" شعر مکمل کیجیے۔

12- "بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق" اس مصرعے میں کس واقعے کی طرف اشارہ ہے؟

13- اقبال نے عقل اور عشق میں سے کسے مصلحت اندیش قرار دیا ہے؟

14- اقبال نے تربیتِ خودی کے کتنے مراحل بتائے ہیں؟

15- "حکیم الامت" کا کیا مطلب ہے؟

16- اقبال سے پہلے آپ مقصدی شاعری کے سلسلے میں کس شاعر کا نام لے سکتے ہیں؟

17- اقبال نے اپنے فلسفے میں فرد اور جماعت میں سے کسے زیادہ اہمیت دی ہے؟

18- اقبال سے پہلے "خودی" کا لفظ کن معنوں میں مستعمل تھا؟

19- اقبال کے نزدیک فرد کو اپنی بہترین صلاحیتیں کس کے لیے وقف کر دینی چاہییں؟

20- "نہ آتے ہمیں اس میں تکرار کیا تھی" شعر مکمل کیجیے۔

سوال نمبر 2-(الف) مختصر بیان کیجیے- (10+10=20)

(I) اقبال کا فلسفہءخودی (II) اقبال کا فلسفہءبے خودی

سوال نمبر 3۔ "اقبال بحیثیت مفکر" کے عنوان سے مدلل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- اردو شاعری میں اقبال کی غزلیات کی اہمیت پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ "جوابِ شکوہ" میں دیے گئے اقبال کے پیغام کو نثر میں تحریر کیجیے۔ (20)